''جملہ حقوقِ اشاعت محفوظ ہیں''

نام کتاب: **دومفید پیغام امتِ مسلمۃ کے نام**

﴿**لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه** کے ساتھ تجدیدعہد اور بچوں اور بڑوں کے لیے یکساں مفید (بنیادی اسلامی معلوماتی) سوالات کے جوابات﴾

مؤلف: سالم بن سعد الطّویل

مترجم: حافظ ابوبکر عتیق بن محمد بشیر الطّیب ؒ، کویت

طبع اول: مئی ۲۰۰۹ء

کمپوزنگ اینڈ ٹائیٹل: حافظ شاہد محمد شفیق

ناشر:

ملنے کا پتہ: مسجد الجویزی خیطان

# دو مفید پیغام
# امتِ مسلمة کے نام

# لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ

## کے ساتھ تجدید عہد

## 2- بچوں اور بڑوں کے لیے یکساں مفید (بنیادی اسلامی معلوماتی) سوالات کے جوابات

مؤلف

سالم بن سعد الطویل

مترجم

حافظ ابوبکر عتیق بن محمد بشیر الطیبؒ

# أسئلة وأجوبة للصغار ولا يستغني عنها الكبار

# 2- بچوں اور بڑوں کے لیے یکساں مفید (بنیادی اسلامی معلوماتی) سوالات کے جوابات

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد:

یہ شریعت کے مختلف سوال وجواب ہیں جو کہ عقیدہ، عبادات، سیرت اور آداب جیسے موضوعات پر مشتمل ہیں۔ انہیں میں نے اس لئے تیار کیا ہے تاکہ چھوٹے بچے انہیں حفظ کریں اور بڑی عمر کے لوگ ان کے ذریعے اپنے بچوں، بچیوں اور طلباء وطالبات کی تربیت کرنے میں مدد حاصل کرسکیں۔

ان سوالات وجوابات کی تیاری کی وجہ بعض ذمہ دار والدین اور اساتذہ کا وقتاً فوقتاً مجھ سے مختلف سوالات کے متعلق استفسار کرنا، جو نونہال بچوں کے محاوروں کے لئے مناسب ہوں، تو یہ ہیں سوالات و جوابات جو نہ صرف چھوٹوں کے لئے مفید ہیں بلکہ بڑے بھی ان سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں، کہ وہ ان کے ذریعے پڑھنے والے، حفظ کرنے والے اور معلم و متعلم سب کو نفع بخش بنائے (آمین)

كتبة راجي عفوربه

**سالم بن سعد الطويل**

في ٢٠ رجب ١٤٢٤هـ

الموافق: 16/9/2003م

**الكويت**

سوال[۱]: آپ کا رب کون ہے؟

جواب: میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔

سوال[۲]: اللہ تبارک وتعالی کہاں ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ آسمانوں پر ہے۔

سوال[۳]: اللہ تعالیٰ کا بندوں پر کیا حق ہے؟

جواب: (اللہ تعالیٰ کا بندوں پر حق یہ ہے) کہ وہ اس کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ (اس کی عبادت) میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔

سوال[۴]: حدیث شریف مکمل کریں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ کہے، "رَضِيْتُ بِاللَّهِ رَبّاً ...... میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر راضی ہو گیا......؟

جواب: وَ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا؛ وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا؛ وَجَبَتْ لَهُ جَنَّةٌ"(۱) اور اسلام کے دین اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہو گیا، تو اس کے لئے جنت واجب ہو گئی۔ (۱) ابوداؤد[۱۵۲۹] عن أبی سعید الخدریؓ، و صححہ الألبانی فی سلسلۃ الصحیحۃ(۳۳۴)

سوال[۵]: اللہ تعالیٰ نے ہمیں کیوں پیدا کیا؟ دلیل کے ساتھ بتائیں۔

جواب: اپنے اکیلے (اللہ) کی عبادت کے لئے، اور فرمایا "وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ" (سورة الذاريت :٥٦) "میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے"۔

سوال[٦]: ہم پر سب سے عظیم واجب کیا ہے؟

جواب: توحید؛ اور وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ان تمام امور کے لئے اکیلا قرار دینا جن کا وہ مستحق ہے۔

سوال[۷]: توحید کی اقسام بیان کریں؟

جواب: ۱-توحید ربوبیت ۲-توحید الوہیت ۳-توحید اسماء وصفات

سوال[۸]: کلمہ توحید کیا ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟

جواب: کلمہ توحید یہ ہے "لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ" اوراس کے معنی ہیں: اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے۔

سوال:[۹]: حدیث شریف مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَا مِنْ أَحَدٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللَّهِ..........؟ جو شخص گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں.........؟

جواب: صِدْ قًا مِنْ قَلْبِهِ إِلَّا حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ"[۱] سچے دل سے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم کی آگ پر حرام کردیں گے۔ (۱) البخاری (۱۲۸) ومسلم (۳۲) عن أنس بن مالک رضی اللہ عنہ

سوال:[۱۰]: سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا۔

سوال:[۱۱]: شرک کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے سوا یا اس کے ساتھ کسی دوسرے الٰہ (معبود) کی عبادت کرنا۔

سوال:[۱۲]: حدیث شریف مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللَّهِ..........؟ جس شخص نے غیر اللہ کی قسم کھائی.........؟

جواب: فَقَدْ كَفَرَ أَوْ أَشْرَكَ"[۲] تو اس نے کفر یا شرک کیا۔ (۲) الترمذی (۱۵۳۵) عن ابن عمر رضی اللہ عنہ و صححه الألبانی فی سلسلة الصحيحة (۲۰۴۲)

سوال:[۱۳]: کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور غیب داں ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو زمین و آسمان کا علم غیب نہیں ہے۔

سوال:[۱۴]: اللہ تعالیٰ کے ہاں اعمال کب درجہ قبولیت حاصل کرتے ہیں؟

جواب: جو خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لیے اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے موافق ہوں۔

سوال:[۱۵]: سورۃ الکافرون کی تلاوت کریں؟

جواب: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (٥) قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (١) لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ (٢)

وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ﴿۳﴾ وَ لَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿۴﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِیَ دِيْنِ ﴿۶﴾

سوال[۱۶]: تیرا نبی کون ہے؟ **جواب:** محمد ﷺ (میرے نبی ہیں)

سوال[۱۷]: محمد رسول اللہ ﷺ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام انسانیت کے لئے بشیر ونذیر بنا کر بھیجا ہے)۔

سوال[۱۸]: ہمارے نبی ﷺ، آپ ﷺ کے والد گرامی اور دادا کا کیا نام ہے؟

جواب: (آپ ﷺ کا نام) محمد ﷺ، (والد گرامی) عبداللہ، اور دادا (کا نام) عبدالمطلب ہے۔

سوال[۱۹]: کس شخص کے ساتھ تمام لوگوں سے بڑھ کر محبت کرنا واجب ہے؟

جواب: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ۔

سوال[۲۰]: نبی کریم ﷺ کب اور کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب: عام الفیل کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال[۲۱]: جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو منصب رسالت پر فائز کیا تو آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: چالیس سال (آپ ﷺ کی عمر مبارک تھی)

سوال[۲۲]: نبی کریم ﷺ نے نبوت کے بعد اور ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں کتنے سال بسر کئے؟

جواب: تیرہ سال

سوال[۲۳]: نبی کریم ﷺ نے کس جگہ کی طرف ہجرت کی؟

جواب: مدینہ منورہ کی طرف

سوال[۲۴]: نبی رحمت ﷺ نے ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں کتنے سال بسر کئے؟

جواب: دس سال

سوال[۲۵]: اُمہات المؤمنین کون ہیں؟

جواب: نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات (امہات المؤمنین ہیں)

سوال[٢٦]: نبی کریم ﷺ نے کہاں اور کب وفات پائی اور اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ہجرت کے دس سال بعد مدینہ منورہ میں (آپ ﷺ نے وفات پائی) اور آپ ﷺ کی (اس وقت) عمر مبارک تریسٹھ (٦٣) برس تھی۔

سوال[٢٧]: سوال حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً..........) جو شخص مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھے..........؟

جواب: صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْراً"[١] اللہ تعالیٰ اس پر اس ایک بار درود پڑھنے کی وجہ سے دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ (١) مسلم (٤٠٨) عن ابی ہریرةؓ

سوال[٢٨]: تیرا دین کیا ہے؟

جواب: میرا دین اسلام ہے۔

سوال[٢٩]: اسلام کا کیا معنی ہے؟

جواب: عبادت اور اطاعت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے لئے سر تسلیم خم کرنا۔

سوال[٣٠]: ارکان اسلام کتنے ہیں؟

جواب: (ارکان اسلام) پانچ ہیں۔

سوال[٣١]: حدیث شریف مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ............؟ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے............؟

جواب: شَهَادَةِ أَنْ لَاإِلَهَ إِلَّااللَّهُ وَ أَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللَّهِ، وَ إِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَ صَوْمِ رَمَضَانَ، وَ الْحَجِّ لِمَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً"[١] اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور یقیناً محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکاۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا، اور جس شخص کے پاس استطاعت ہو اس پر (بیت اللہ کا) حج کرنا۔ (١) البخاری (٨) و مسلم (١٦) عن ابن عمرؓ

سوال[۳۲]: اسلام کا ستون کیا ہے؟

جواب: (اسلام کا ستون) نماز ہے۔

سوال[۳۳]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اَلْعَهْدُ الَّذِیْ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمُ الصَّلَاةُ........؟ ہمارے اور ان (کفار) کے درمیان جو عہد ہے وہ نماز ہے...........؟

جواب: فَمَنْ تَرَ کَهَا فَقَدْ کَفَرَ"(۲) جس نے اسے ترک کیا تو تحقیق اس نے کفر کیا۔

(۲) الترمذی (۲۶۲۳) وابن ماجہ (۱۰۷۹) عن بریدہؓ و صححہ الألبانی فی صحیح الترغیب والترہیب (۵۶۴)

سوال[۳۴]: نماز کی تعریف کریں؟

جواب: نماز اللہ تعالیٰ کے لئے ایسی عبادت کو سرانجام دینے کا نام ہے جو ایسے مخصوص اقوال اور افعال کے ساتھ کی جاتی ہے جسے تکبیر تحریمہ سے شروع کر کے سلام پر ختم کیا جاتا ہے۔

سوال[۳۵]: ہر مسلمان پر دن رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں؟

جواب: پانچ نمازیں (فرض) ہیں: ۱-نماز فجر (۲ رکعتیں)-۲-نماز ظہر (۴ رکعتیں)-۳-نماز عصر (۴ رکعتیں)-۴-نماز مغرب (۳ رکعتیں)-۵-نماز عشاء (۴ رکعتیں)

سوال[۳۶]: نماز کی شرائط کیا ہیں؟

جواب: نماز کی شروط درج ذیل ۹ ہیں:

۱-مسلمان ہونا۔۲-عقلمند ہونا۔۳-تمیز کرنا، ۴-(نماز کا) وقت ہونا، ۵-نجاست کو (کپڑوں اور بدن سے) دور کرنا، ۶-(جسم اور کپڑوں کی) طہارت حاصل کرنا، ۷-شرمگاہ کو ڈھانپنا، ۸-قبلہ کی طرف منہ کرنا، ۹-نیت کرنا۔

سوال[۳۷]: ارکان وضو کیا ہیں؟ **جواب:** (درج ذیل ارکان وضو ۶ ہیں):

۱-کلی کرنے اور ناک میں پانی چڑھانے کے ساتھ چہرہ دھونا، ۲-دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا، ۳-دونوں کانوں سمیت سر کا مسح کرنا، ۴-ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا، ۵-(ان تمام اعضاء کو) ترتیب کے ساتھ ادا کرنا، ۶-(تمام اعضاء کو) پے در پے دھونا۔

سوال[۳۸]: نواقض وضو(وضوتوڑنے والے امور) کون کون سے ہیں۔

جواب: ۱-ہر وہ چیز جو دونوں راستوں (پیٹھ اور پیشاب والی جگہ) سے نکلتی ہے مثلاً پیشاب، پاخانہ، اور ہوا وغیرہ،۲-نیند (لیٹ کر یا ٹیک لگا کر سونا)،۳-اونٹ کا گوشت کھانا،۴-وہ امور جن سے غسل واجب ہوتا ہے (مثلاً جماع، احتلام وغیرہ)۵-شرمگاہ کو بغیر کسی رکاوٹ کے چھونا (از مترجم)

سوال[۳۹]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" مَنْ تَوَضَّأَفَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّااللَّهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ..........: جس شخص نے وضو کرنے کے بعد یہ کلمات " أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّااللَّهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ کہے.......؟ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا (ہی معبود برحق) ہے کوئی اس کا شریک نہیں۔

جواب: وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةُ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَآءَ"[۱] اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس (اللہ) کے بندے اور رسول ہیں؟ اس کیلئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، جس سے چاہے داخل ہو جائے۔ (۱) مسلم (۲۳۴)

سوال[۴۰]: نماز میں کس چیز کی قرأت واجب ہے؟

جواب: (نماز میں) سورت فاتحہ (کی قرأت واجب ہے)۔

سوال[۴۱]: نمازی رکوع کی حالت میں کیا کہتا ہے؟

جواب: "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمُ"، (یہ دعائیہ کلمات کہتا ہے) پاک ہے میرا رب عظمت والا۔

سوال[۴۲]: نمازی سجدہ کی حالت ہیں کیا کہتا ہے؟

جواب: ۔"سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى" (کہتا ہے) پاک ہے میرا رب بلند شان والا۔

سوال[۴۳]: نمازی نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان کیا کہتا ہے؟

جواب: "رَبِّ اغْفِرْلِیْ، رَبِّ اغْفِرْلِیْ" (اے میرے رب مجھے بخش دے، اے میرے پروردگار مجھے معاف فرما۔

سوال[۴۴]: التحیات پڑھیں؟

جواب: "اَلتَّحِيَّاتُ لِلَّهِ ، وَالصَّلَوَاتُ ، وَالطَّيِّبَاتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَ بَرَكَاتُهُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِيْنَ۔أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَ رَسُوْلُهُ"(۱)۔ "تمام (میری) تمام مبارک قولی، بدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں، اے نبی (ﷺ)! آپ پر سلام، اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں، ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر (بھی) سلامتی ہو، میں اقرار کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور رسول ہیں"۔(۱) رواہ البخاری (۶۲۳۰) ومسلم (۴۰۲) عن عبداللہ بن مسعودؓ

سوال[۴۵]: درود ابراہیمی پڑھیں؟

جواب: " اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى اٰلِ مُحَمَّدٍكَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ، و بارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَابَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلىٰ اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ"(۲)۔ اے اللہ رحمت بھیج محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے رحمت بھیجی ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ و برتر ہے، اے اللہ برکت بھیج محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے برکت بھیجی ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ و برتر ہے۔(۲) رواہ البخاری (۳۳۷۰) ومسلم (۴۰۶) عن کعب بن عجرةؓ

سوال[۴۶]: وہ چار چیزیں کونسی ہیں جن سے نمازی سلام سے قبل اللہ سے پناہ مانگتا ہے؟

جواب: (نمازی) کہتا ہے، "اَللَّهُمَّ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ، وَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ"۔ اے اللہ میں جہنم اور قبر کے عذاب سے، زندگی اور موت کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

سوال[۴۷]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ صَلَّى لِلَّهِ اثْنَتَىْ عَشَرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعاً ......؟ جو شخص اللہ تعالیٰ کیلئے بارہ رکعتیں نفل (سنت) ادا کرے.........؟

جواب: بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتاً فِي الْجَنَّةِ"(۱) تواللہ تعالیٰ اس کا ایک گھر جنت میں بنائے گا۔ (۱) رواہ مسلم (۷۲۸) عن اُم حبیبہؓ

سوال[۴۸]: سنن رواتب (مؤکدہ سنتیں) بیان کریں؟

جواب: ۱-دو رکعتیں فجر سے پہلے ۲-چار رکعتیں ظہر سے پہلے ۳-دو رکعتیں ظہر کے بعد

۴-دو رکعتیں مغرب کے بعد ۵-دو رکعتیں عشاء کے بعد

سوال[۴۹]: زکاۃ کی تعریف کریں؟

جواب: مخصوص گروہ کے لئے مخصوص وقت میں خاص مال کا ایسا حق جسے ادا کرنا واجب ہے۔

سوال[۵۰]: صیام (روزے) کی تعریف کریں؟

جواب: روزہ نیت کے ساتھ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک اللہ تعالیٰ کے لئے ایسی عبادت کرنے کا نام ہے، جس کے ذریعے اپنے آپ کو مفطرات (روزہ توڑنے والے امور، کھانا پینا وغیرہ) سے روکے رکھنا

سوال[۵۱]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مَنْ صَامَ رَمَضَانَ.......؟ جس شخص نے رمضان المبارک کے روزے رکھے......؟

جواب: إِيْمَاناً وَ احْتِسَاباً غُفِرَلَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ'(۲) ایمان کی حالت میں اور ثواب کی نیت سے، تو اس کے سابقہ تمام (صغیرہ) گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ (۲) رواہ البخاری (۳۸) ومسلم (۷۶۰) عن ابی ہریرۃؓ

سوال[۵۲]: حج کی تعریف کریں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے لئے اس کے گھر (بیت الحرام) کا قصد کرنے کے ساتھ مخصوص زمانے اور مخصوص اعمال کے ذریعے عبادت کرنا۔

سوال[۵۳]: حدیث شریف مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا " مَنْ حَجَّ لِلَّهِ وَ لَمْ يَرْفُثْ وَ لَمْ يَفْسُقْ.........؟ جس نے حج کیا اور شہوانی باتوں اور فسق و فجور سے بچا......؟

جواب: رَجَعَ مِنْ ذَنْبِهِ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ" (۱) وہ گناہوں سے پاک صاف ہو کر اس طرح واپس لوٹتا ہے جیسے

اس دن پاک تھا جب اسے اس کی ماں نے جنا تھا''۔(۱) رواہ البخاری (۱۵۲۱) عن ابی ہریرۃؓ

سوال[۵۴]: ارکان ایمان کیا ہیں؟

جواب: ۱-اللہ پر ایمان ۲-اس کے فرشتوں پر ایمان ۳-اس کی کتابوں پر ایمان ۴-اس کے رسولوں پر ایمان ۵-یوم آخرت پر ایمان ۶-اللہ تعالیٰ کی طرف سے موافق و ناموافق تقدیر پر ایمان

سوال[۵۵]: فرشتوں میں سے تین کے نام ذکر کریں؟

جواب: ۱-جبریل علیہ السلام ۲-میکائیل علیہ السلام ۳-اسرافیل علیہ السلام

سوال[۵۶]: آسمانی کتابوں کا ذکر کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ کن پر نازل ہوئیں تھی؟

جواب: ۱-تورات؛ موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی ۲-انجیل؛ عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی ۳-زبور؛ داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی ۴-ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام پر صحیفے نازل ہوئے ۵-قرآن کریم؛ محمد ﷺ پر نازل ہوئی۔

سوال:[۵۷]: اُولوالعزم پیغمبر کون کون سے ہیں؟

جواب: ۱-نوح علیہ السلام ۲-ابراہیم علیہ السلام ۳-موسیٰ علیہ السلام ۴-عیسیٰ علیہ السلام ۵-محمد ﷺ

سوال[۵۸]: سورۃ بقرۃ کی ان آخری آیات کی تلاوت کریں جنہیں ہر مسلمان سونے سے پہلے پڑھتا ہے؟

جواب: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (۲۸۵) لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (۲۸۶)

سوال[۵۹]: قیامت کب قائم ہوگی؟

جواب:   اس (قیامت کے قائم ہونے ) کا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اس (اللہ) کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

سوال[٦٠]: عزت وتکریم والا گھر کونسا ہے؟

جواب:   (وہ گھر) جنت ہے۔

سوال[٦١]: جنت کے کتنے دروازے ہیں؟

جواب:   (جنت کے ) آٹھ دروازے ہیں۔

سوال[٦٢]: مومن اپنے پرودگار کا دیدار مبارک کب کریں گے؟

جواب:   جب وہ جنت میں داخل ہونگے۔

سوال[٦٣]: سب سے زیادہ جنت میں داخل کرنے والی کونسی چیز ہے؟

جواب:   اللہ تعالیٰ کا ڈر (تقوی) اور اچھا اخلاق

سوال[٦٤]: ذلت ورسوائی اور عذاب کا گھر کونسا ہے؟

جواب:   جہنم (کی آگ)

سوال[٦٥]: جہنم کے کتنے دروازے ہیں؟

جواب:   (جہنم کے ) سات دروازے ہیں۔

سوال[٦٦]: احسان کیا ہے؟

جواب:   اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو، گویا کہ اللہ کو دیکھ رہے ہو، اگر ایسی کیفیت نہیں پیدا ہوئی تو اتنا ضرور ہو کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تجھے دیکھ رہا ہے۔

سوال[٦٧]: لوگوں میں سب سے زیادہ نیکی اور احسان کا حق دار کون ہے؟

جواب:   والدین (ماں، باپ)

سوال[٦٨]: اپنے والدین کے لئے تم کیسے دعا کروگے؟

جواب:   ”رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِيْراً“ اے میرے پروردگار مجھے اور میرے والدین کو بخش دے اور ان پر (اس طرح ) رحمت فرما جیسے انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

سوال[٦٩]: اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب اعمال کونسے ہیں؟

جواب: نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا، (اس کے بعد) والدین کے ساتھ نیکی کرنا، پھر جہاد فی سبیل اللہ۔

سوال[٧٠]: اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوگوں میں سب سے زیادہ معزز و مکرم کون ہے؟

جواب: جو لوگوں میں سب سے زیادہ متقی ہو، اور لوگوں میں سب سے زیادہ متقی رسول اللہ ﷺ ہیں۔

سوال[٧١]: تیری عظمت والی کتاب کونسی ہے؟ **جواب:** قرآن کریم

سوال[٧٢]: قرآن کریم کے کتنے اجزاء (سپارے) ہیں؟

جواب: تیس اجزاء (سپارے) ہیں۔

سوال[٧٣]: قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے پہلے آپ کیا کرتے ہیں؟

جواب: وضو کرتا ہوں، پھر "أَعُوْذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ" پڑھتا ہوں۔

سوال[٧٤]: معوذتین کونسی ہیں اور ان کی تلاوت کیجئے؟

**جواب:** ﴿١﴾ سُوْرَةُ الْفَلَق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (١) مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (٢) وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ (٣) وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

فِى الْعُقَدِ (٤) وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ (٥)

﴿٢﴾ **سُوْرَةُ النَّاسِ** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (١) مَلِكِ النَّاسِ (٢) اِلٰهِ النَّاسِ (٣) مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (٤) الَّذِیْ

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ (٥) مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (٦)

سوال[٧٥]: قرآن مجید میں سب سے عظیم آیت کون سی ہے؟ اور اس کی تلاوت کریں۔

جواب: آیۃ الکرسی (سب سے عظیم آیت ہے):

اَللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا

الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا

شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ (٢٥٥)

سوال[٧٦]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ اٰیَةَ الْکُرْسِيِّ دُبَرَ کُلِّ صَلَاةٍ ......؟ جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے.........؟

جواب: لَمْ یَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ إِلَّاأَن یَّمُوْتَ "[1] اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت ہی مانع ہے۔(

[1]) رواہ النسائی فی السنن الکبریٰ (٩٩٢٨) والطبرانی فی الاوسط (٨٠٦٨) عن ابی امامہؓ وصححہ الألبانی فی صحیح الترغیب والترہیب (١٥٩٥)

سوال[٧٧]: قرآن مجید میں سب سے افضل سورت کون سی ہے؟ اسکی تلاوت کریں۔

جواب: سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ (سب سے افضل سورت ہے):

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (١) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (٢) الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (٣)

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ (٤) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (٥) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (٦)

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ (٧)

سوال[٧٨]: قرآن کریم میں سب سے طویل سورت کونسی ہے؟

جواب: (سورۃ) البقرۃ (سب سے طویل سورت ہے)

سوال[٧٩]: قرآن کریم میں سب سے چھوٹی سورت کونسی ہے؟ اسکی تلاوت کریں۔

جواب: سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ (سب سے چھوٹی سورت ہے)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ () اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ (١) فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ (٢)

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ (٣)

سوال[٨٠]: کونسی سورت ایک ثلث (تہائی) قرآن کے برابر ہے؟

جواب: سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ (ایک تہائی قرآن کے برابر ہے)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ () قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ (١) اَللهُ الصَّمَدُ (٢) لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ

يُوْلَدْ (٣) وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (٤)

سوال[٨١]: درج ذیل سورت مکمل کریں: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ()

وَ الْعَصْرِ (١) اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ (٢)........... ؟

جواب: اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (۳)

ترجمہ: قسم ہے عصر کی (۱) بیشک انسان خسارے میں ہے (۲) مگر جولوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کیئے اور حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کرتے رہے (۳)۔

سوال[۸۲]: سب سے اچھا اور افضل اخلاق کیا ہے؟ جواب: **سچ بولنا۔**

سوال[۸۳]: سب سے قبیح اور برا اخلاق کیا ہے؟ جواب: **جھوٹ بولنا۔**

سوال[۸۴]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " لَا یُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتَّی یُحِبَّ.........؟

تم میں سے کوئی شخص مؤمن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ وہ پسند کرے.............؟

جواب: لِأَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ "(۱) اپنے بھائی کے لیے وہی چیزیں جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ (۱) رواہ البخاری (۱۳) ومسلم (۴۵) عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ

سوال[۸۵]: تمہارا (ازلی) دشمن کونسا ہے؟

جواب: شیطان مردود (میرا ازلی دشمن ہے)

سوال[۸۶]: آپ " أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ " کب پڑھتے ہو؟

جواب: ۱- قرآن مجید کی تلاوت سے قبل ۲- بیت الخلاء میں داخل ہونے سے قبل
۳- غصے کے وقت ۴- وسوسہ کے وقت ۵- گدھے (کے ہنہنانے) کی آواز سننے کے وقت

سوال[۸۷]: دل کی بیماریوں میں سے سب سے زیادہ خطرناک بیماری کونسی ہے؟

جواب: نفاق (منافقت)

سوال[۸۸]: منافقوں پر سب سے ثقیل (بھاری) نماز کونسی ہے؟

جواب: صبح (فجر) اور عشاء کی نماز (منافقین پر بھاری ہیں)

سوال[۸۹]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "آیَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ إِذَا حَدَّثَ کَذَبَ

.....؟ منافق کی تین علامتیں ہیں، جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے.........؟

جواب: وَإِذا وَعَدَ أَخْلَفَ ، وَإِذَا ائْتُمِنَ خَانَ"[۱] اور جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے، جب امین مقرر کیا جائے تو خیانت کرے' (۱) رواہ البخاری (۳۳) ومسلم (۵۹) عن ابی ہریرۃ

سوال[۹۰]: انسان کے لئے سب سے زیادہ خطرے والی چیز کونسی ہے؟

جواب: زبان (سب سے زیادہ خطرے والی چیز ہے)

سوال[۹۱]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ..........؟ آدمی کے حسن اسلام میں سے........؟

جواب: تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ"[۲] اس کا بے مقصد چیز کو چھوڑ دینا ہے' ۔ (۲) رواہ الترمذی (۲۳۱۷) وابن ماجہ (۳۹۷۶) عن ابی ہریرۃؓ وقال الألبانی فی صحیح الترغیب والترہیب (۲۸۸۱) حسن لغیرہ

سوال[۹۲]: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کلمات کونسے ہیں؟

جواب: (اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کلمات) سُبْحَانَ اللَّهِ ، اَلْحَمْدُلِلَّهِ ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ اور اَللَّهُ أَكْبَرُ ہیں۔

سوال[۹۳]: جنت کا خزانہ کونسا ہے؟ جواب: (جنت کا خزانہ ہے) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ۔

سوال[۹۴]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ.......؟ دو کلمے زبان پر بہت ہلکے ہیں........؟

جواب: ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيزَانِ ، حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ؛ سُبْحَانَ اللَّهِ وَ بِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ[۱] (۱) رواہ البخاری (۷۵۶۳) ومسلم (۲۶۹۴) عن ابی ہریرۃؓ

"(یہ) دو کلمے (ایسے) ہیں جو زبان پر (پڑھنے سے) بہت ہلکے ہیں، (قیامت کے روز) میزان میں بہت وزنی ہیں، رحمٰن کو بہت پسند ہیں؛ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم"۔

سوال[۹۵]: سید الاستغفار ذکر کریں؟

جواب: سیدالاستغفار یہ کہ بندہ کہے " اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَا إِلٰهَ إِلَّاأَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ أَنَا عَبْدُكَ وَ أَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَ أَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ"(۲)۔" اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو نے ہی مجھے پیدا کیا میں تیرا بندہ ہوں میں تیرے عہد اور وعدے پر حتی المقدور قائم رہوں گا میں پناہ مانگتا ہوں تیری اپنے اعمال کے شر سے اور میرے اوپر تیری جو نعمتیں ہیں میں ان کا اعتراف کرتا ہوں اور میں اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں، تو مجھے معاف کردے اس لئے کہ تیرے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں"۔ (۲) رواہ البخاری (۶۳۰۶) عن ابی شداد بن اوسؓ

سوال[۹۶]: سونے سے قبل آپ کیا پڑھتے ہیں؟

جواب: بِا سْمِكَ اللّٰهُمَّ أَمُوْتُ وَ أَحْيَا۔

سوال[۹۷]: نیند سے بیدار ہونے کے بعد آپ کیا پڑھتے ہیں؟

جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔

سوال[۹۸]: اسلام کا تحیہ (تحفہ) کیا ہے؟

جواب: (اسلام کا تحیہ) اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ (ہے) تم پر سلامتی، اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہوں۔

سوال[۹۹]: مسلمان کس ہاتھ سے کھاتا اور پیتا ہے؟

جواب: (مسلمان) دائیں ہاتھ سے (کھاتا پیتا ہے)۔

سوال[۱۰۰]: تم "بِا سْمِ اللّٰهِ" کب پڑھتے ہو؟

جواب: ۱-کھانے اور پینے سے قبل، ۲-بیت الخلاء میں جانے سے پہلے، ۳-مسجد میں داخل ہونے سے قبل، ۴-مسجد سے نکلنے کے بعد، ۵-لباس اتارنے سے پہلے۔

سوال[۱۰۱]: آپ " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کب پڑھتے ہیں؟

جواب: ۱-کھانے پینے کے بعد، ۲-چھینکنے کے بعد، ۳-ہر نعمت کے (حصول کے) بعد، ۴-ہر حالت میں۔

سوال[۱۰۲]: آپ اس شخص کے لئے کیا کہیں گے جو چھینکنے کے بعد " اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ" (کہے گے)۔

جواب: (اس کیلئے) "یَرْ حَمُكَ اللّٰہُ" (کہیں گے)۔

سوال[۱۰۳]: آپ اس آدمی کیلئے کیا کہیں گے جو آپ کے چھینکنے کے بعد جواب میں "یَرْ حَمُكَ اللّٰہُ" کہتا ہے؟

جواب: (اس کے لیے) یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَ یُصْلِحُ بَا لَکُمْ (کہیں گے)۔

سوال[۱۰۴]: حدیث مکمل کریں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ یُّرِ دِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْراً.........؟ اللہ جس کے ساتھ بھلائی چاہتا ہو.........؟

جواب: یُفَقِّھْهُ فِی الدِّیْنِ"[1] تو اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے؟ (۱) رواہ البخاری (۳۱۲۷) ومسلم (۱۰۳۷) عن معاویہؓ

سوال[۱۰۵]: اللہ تعالیٰ کے لئے سب سے زیادہ پسندیدہ جگہیں کونسی ہیں؟

جواب: (اللہ تعالی کی) مسجدیں (پسندیدہ جگہیں ہیں)۔

سوال[۱۰٦]: ہفتے کے دنوں میں سے کونسا دن افضل ہے؟

جواب: جمعہ کا دن (سب سے افضل ہے)۔

سوال[۱۰۷]: سال بھر میں کونسا دن سب سے افضل ہے؟

جواب: عرفہ (۹ ذوالحجہ) کا دن (سب سے افضل ہے)۔

سوال[۱۰۸]: پورے سال میں کونسی رات تمام راتوں سے افضل ہے؟

جواب: لیلۃ القدر (آخری عشرہ رمضان کی طاق رات سب سے افضل ہے)۔

سوال[۱۰۹]: مہینوں میں سب سے افضل مہینہ کونسا ہے؟

جواب: رمضان المبارک کا مہینہ (سب سے افضل ہے)۔

سوال[۱۱۰]: اسلام میں کون کونسی عیدیں ہیں؟

جواب: (اسلام میں) عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر ہیں۔

سوال[۱۱۱]: خلفاء راشدین کون ہیں؟

جواب: ١-ابوبکرالصدیق رضی اللہ عنہ ٢-عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

٣-عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ۴-علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

تمت الا سئلة والأجوبة عليها ، والحمدلله أولاً و آخراً ، و صلى الله على نبينا محمد و على آله و صحبه أجمعين۔

ترجمہ: العبد الفقير الى الله الغنى الخبير

حافظ ابوبکر عتیق بن محمد بشیر

نائب امام:م/ الجويزى- خيطان

٢١/ ٢/ ٢٠٠٩م يوم السبت

الوقت: ٢:٥٠ مساء

# ہماری دعوت

1۔قرآن مجیداور رسول اللہ ﷺ کی صحیح سنت کی طرف رجوع اور سلف صالحین کے راستے پر چلتے ہوئے قرآن وسنت کو سمجھنا اوران پر عمل پیرا ہونا۔

2۔مسلمانوں کو ان کے دینِ حق سے آشنا کرانا، انہیں دین کے ارشادات اور احکامات پر عمل کرنے کی طرف بلانا، نیز ان مسائل وآداب سے آراستہ ہونے کی طرف دعوت دینا جوان کیلئے رضائے الٰہی کی ضمانت دیتے ہیں اور انکی خوش نصیبی اور عزت وعظمت کو یقینی بناتے ہیں۔

3۔مسلمانوں کو شرک کی تمام شکلوں سے ڈرانا، نیز ان بدعات، بیرونی نظرعات وتصورات اور منکر وموضوع احادیث سے انہیں خبردار کرنا جن سے دین اسلام کا جمال بگڑ کر رہ گیا ہے اور مسلمانوں کی ترقی وپیش قدمی رک گئی ہے۔

4۔اسلامی قوانین کی حدود میں رہتے ہوئے آزاد اسلامی سوچ کو زندہ کرنا، اسے فعال اور متحرک بنانا نیز اس بے حسی، کاہلی اور تعطل کو ختم کرنا جس نے بہت سارے مسلمانوں کی عقلوں کو زنگ آلود کردیا ہے اور انہیں اسلام کے صاف وشفاف چشمے سے دور کردیا ہے۔

5۔اسلامی زندگی کی تجدید، اسلامی معاشرے کی تعمیر اور زمین میں اللہ تعالیٰ کی حکومت کے عملی نفاذ کیلئے جدوجہد کرنا۔

یہی ہماری دعوت ہے اور ہم تمام مسلمانوں کو اس امانت کے اٹھانے اور اسے ادا کرنے میں اپنی تائید وتقویت کی طرف بلاتے ہیں اس طرح وہ خود بھی ان شاء اللہ ترقی سے ہمکنار ہونگے اور اسلام کے عالمگیر مشن کی نشرواشاعت بھی ہوگی۔

قارئین کرام! اگر آپ اس جدوجہد میں ہمارے مددومعاون بننا چاہتے ہیں تو درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں:

99200414-97128290